17.11.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .....شگفتہ یاسمین

Music

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت-بحرالکاہل خطے میں امن و استحکام اور خوشحالی کو یقینی بنانے کے مقصد سے مزید تعاون کیلئے کہا ہے۔ اُنہوں نے فلپنز کے شہر منیلا میں 23ویں آسیان-بھارت سمٹ سے خطاب کیا۔

☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت میں ملیریے کے کیسز اور اموات میں، پچھلے دس سال کے دوران تقریباً 80 فیصد کمی آئی ہے۔

☆ نیتی آیوگ نے آج نئی دِلی میں بھارت منڈپم میں ''مشن کے طور پر قیادت'' کے موضوع پر ایک ورکشاپ کا آغاز کیا ہے۔

☆ بھارت نے، اقوامِ متحدہ کی ایک قرارداد پر اسلامی تعاون کی تنظیم کے ساتھ، صلاح مشورے سے، بھارت اور بہت سے دیگر ملکوں کو باہر کیے جانے پر ترکیے کی سخت مذمت کی ہے۔

☆ اور..... آج ہانگ کانگ اوپن بیڈمنٹن چمپئن شپ کا آغاز ہوگیا ہے۔ ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی مردوں کی جوڑی، اپنے پہلے راؤنڈ کا میچ کھیلے گی۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

PM Manila Summits

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت اور آسیان کے درمیان بڑھتی ہوئی شراکت داری کا، خاص طور پر ذکر کیا ہے اور بھارت-بحرالکاہل خطے میں امن و استحکام اور خوشحالی کو یقینی بنانے کیلئے مزید تعاون کیلئے کہا ہے۔ وہ فلپنز کے شہر منیلا میں 23ویں آسیان-بھارت سمٹ سے خطاب کررہے تھے۔

وزیر اعظم مودی نے فلپنز کے صدر Ferdinand Marcos جونیئر کو، آسیان کی، اُن کی کامیاب صدر نشینی پر مبارکباد دی۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ اِس شکل میں آسیان رہنماؤں کے ساتھ اُن کی 13ویں بات چیت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت کی مشرق نواز پالیسی سے بھارت-آسیان ملکوں کو پچھلے کئی سال میں نئی رفتار اور گہرائی ملی ہے۔

SB: 1400 PM ACT East

انہوں نے مزید کہا کہ 2014 سے اب تک بھارت اور آسیان نے عوام سے عوام کے درمیان رشتوں کو مضبوط

بنانے کیلئے 100 سے زیادہ اقدام کئے ہیں۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ فوری اثرات مرتب کرنے والے 250 سے زیادہ پروجیکٹوں کا آغاز کیا گیا ہے، جبکہ ہنرمندی کے فروغ کیلئے 10 ہزار سے زیادہ اسکالرشپس فراہم کی گئی ہیں۔

وزیراعظم نے مزید کہا کہ بھارت اور 9 آسیان ملکوں کے درمیان، بڑھتی ہوئی سیاحت کے ساتھ ساتھ، براہِ راست پروازوں سے، دونوں ملکوں کے درمیان قریبی تعلقات کا اندازہ ہوتا ہے۔

اُنہوں نے کہا کہ اِس سربراہ کانفرنس کے موضوع ''یکجا ہوکر اپنے مستقبل کی تلاش'' کی، موجودہ عالمی ضمن میں ایک خاص اہمیت ہے۔

اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت اور آسیان مل کر دنیا کی آبادی کے تقریباً ایک چوتھائی حصے کی نمائندگی کرتے ہیں اور اُن کے مستقبل کی تشکیل، مقابلے کے بجائے تعاون کے ذریعے ہونی چاہئے۔

SB: 1400 PM ASIAN Theme Shanti

وزیراعظم مودی نے یہ بھی کہا کہ اِس سال کسی آسیان ملک کا یہ اُن کا تیسرا دورہ ہے، جس سے بھارت کے تئیں آسیان کی خصوصی اہمیت کا اظہار ہوتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت کی ترقی اور آسیان کی خوشحالی، باہم مربوط ہیں۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ آسیان برادری سے متعلق 2045 کا تصور اور 2047 تک، وِکست بھارت کا تصور، مشترکہ امیدوں کو حقیقت کی شکل دینے میں اہم رول ادا کرسکتا ہے۔

SB: PM Indo Pacific

PM Modi Gurudwara

وزیراعظم نریندر مودی نے آج منیلا میں خالصہ دیوان گردوارہ کا دورہ کیا اور پانی پیارے کی موجودگی میں گردوارہ کی تعمیرِ نو کیلئے سنگِ بنیاد رکھے جانے کی تقریب کی قیادت کی۔

اِس موقعے پر سینیٹر فرانسِس جوزف Escudero اور منیلا شہر کے میئر Francisco Isko Moreno سمیت دیگر معزز شخصیات موجود رہیں۔

1901 میں قائم کردہ اور 1903 میں باضابطہ طور پر شروع کیا گیا یہ ادارہ 1924 میں خالصہ دیوان کے طور پر رجسٹرڈ ہوا۔ خالصہ دیوان گردوارہ فلپینز میں سب سے پرانے گردوارے کے طور پر اپنی منفرد شناخت رکھتا ہے۔ یہ اپنی روحانی، ثقافتی اور فلاحی سرگرمیوں کے ذریعے منیلا میں سکھ اور دیگر برادریوں کے لئے بہت اہم رول ادا کر رہا ہے۔x

Prez - Malaria

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ بھارت نے حالیہ برسوں میں ملیریا پر قابو پانے کے سلسلے میں خاطر خواہ پیشرفت کی ہے۔ انہوں نے نئی دلّی میں انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ملیریا ریسرچ کی گولڈن جوبلی تقریبات کے دوران خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ اچھے حفظانِ صحت، جدید طریقۂ علاج، مچھروں پر قابو پانے کی مہم اور لوگوں کی شرکت نے ملیریا کے معاملات پر قابو پانے میں اثر دار رول ادا کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ملک میں ملیریا کے کیس اور اموات میں گذشتہ 10 برسوں کے دوران تقریباً 80 فیصد کی کمی آئی

ہے اور زیادہ مریضوں والے اضلاع کی تعداد 155 سے کم ہوکر 33 ہوگئی ہے۔

صدر مرمو نے یہ بھی کہا کہ 2022 سے 2025 کے دوران 160 ضلعوں سے ملیریا کے کسی بھی کیس کی اطلاع نہیں ملی۔

صدرِ جمہوریہ نے اس بات کو اجاگر کیا کہ اس بیماری سے نمٹنے کیلئے بھارت کی جدوجہد میں انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ملیریا ریسرچ نے اہم رول ادا کیا ہے۔ x

Prez PM Uttrakhand

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اتراکھنڈ کے ٹہڑی گڑھوال ضلع میں ایک سڑک حادثے میں لوگوں کی جانیں ضائع ہونے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدرجمہوریہ نے مرنے والوں کے کنبوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا اور سبھی زخمیوں کیلئے جلد صحتیابی کی دعا کی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس سڑک حادثے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔x

NITI Aayog National Workshop

نیتی آیوگ نے آج نئی دِلی میں بھارت منڈپم میں ''مشن کے طور پر قیادت'' موضوع کے تحت ورکشاپ کا انعقاد کیا ہے۔ یہ اُن پانچ قومی ورکشاپس کے سلسلے کی پہلی ورکشاپ ہے، جس کا آغاز آنے والے دنوں میں کیا جائے گا۔ اِس کا مقصد سربراہِ حکومت کے طور پر وزیراعظم نریندر مودی کے، 25 سال کے تجربے سے اسباق اخذ کرنا ہے۔

دیگر چار ورکشاپس اِن موضوعات پر منعقد کی جائیں گی۔ خدمات کی فراہمی کیلئے حکمرانی، ترقی بطور شمولیت، تہذیبی شناخت اور عالمی سطح پر بھارت کا رول۔ یہ سلسلہ اگلے سال اکتوبر تک جاری رہے گا۔x

Shah Rajnath - Lala Lajpat Rai

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج مجاہدِ آزادی پنجاب کیسری لالہ لاجپت رائے کے یومِ شہادت پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب شاہ نے کہا کہ لالہ لاجپت رائے نے اپنے پُراثر نظریات، بے مثال دِلیری اور حب الوطنی کے جذبے سے سبھی کے دلوں میں آزادی کا جذبہ بیدار کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لالہ لاجپت رائے نے سماج کے مختلف طبقوں کو متحد کیا اور ناانصافی اور ظلم کے خلاف جدوجہد کی، نیز قوم کی تعمیر کی مضبوط بنیاد رکھی۔

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے بھی پنجاب کیسری لالہ لاجپت رائے کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ لالہ لاجپت رائے نے اپنی پوری زندگی ملک کی آزادی، عزتِ نفس اور وقار کے تحفظ کیلئے وقف کردی تھی۔

جناب سنگھ نے کہا کہ لالہ لاجپت رائے کا بے مثال حوصلہ، وطن کے تئیں محبت اور عظیم قربانی سے ملک کے عوام کو ہمیشہ ترغیب ملتی رہے گی۔x

Rajnath Japan Dialogue

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ کل سے جاپان کے دو دن کے دورے پر رہیں گے۔ وہ بھارت اور جاپان کے وزرائے خارجہ اور وزرائے دفاع کے درمیان ہونے والے چوتھے مذاکرات میں شرکت کریں گے۔

دورے کے دوران، وزیرِ دفاع اپنے جاپانی ہم منصب کے ساتھ دو طرفہ بات چیت بھی کریں گے۔

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ اور وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، جاپان کے اپنے ہم منصب شِنجیرو کوئی زُومی اور توشی مِتسو موٹیکی کے ہمراہ ٹوکیو میں ہونے والے، ان وزارتی مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

ان مذاکرات میں دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ کلیدی اور دفاعی تعاون کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔

وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ اس دورے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا اور آپریشنل و صنعتی شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے لائحہ عمل تیار کرنا ہے۔x

Sitharaman Pre Budget

وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے مرکزی بجٹ 2027-28 کے سلسلے میں آج نئی دلّی میں سرکردہ اقتصادی ماہرین کے ساتھ بجٹ سے پہلے کے صلاح و مشورے کی تیسری میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں اقتصادی امور کے محکمے، صنعت اور داخلی تجارت کے فروغ کے محکمے، کانوں کی وزارت، کارپوریٹ امور کی وزارت کے سکریٹری صاحبان اور اعلیٰ اقتصادی مشیر نے بھی شرکت کی۔

وزارتِ خزانہ ماہرین، صنعتی رہنماؤں، اقتصادیات کے ماہرین اور ریاستی اہلکاروں کے ساتھ ہر سال بجٹ سے پہلے صلاح و مشورے کی کئی میٹنگیں کرتی ہے۔ اس تبادلۂ خیال کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ مرکزی بجٹ میں متنوع نقطۂ نظر کی عکاسی ہو اور اہم اقتصادی ترجیحات پر توجہ دی جائے۔x

WB Exam Fee Waiver

مغربی بنگال کے وزیرِ اعلیٰ سووِیندھو ادھیکاری نے ریاست کی سرکاری ملازمتوں کیلئے کرائے جانے والے تمام مسابقتی امتحانات کیلئے درخواست فیس ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

گُل Midnapore میں ضلع پولیس کے زیرِ اہتمام منعقدہ ایک Job Fair کے دوران خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے، خاص طور سے اقتصادی طور پر کمزور طبقوں سے تعلق رکھنے والے ملازمت کے خواہشمند افراد پر پڑنے والا مالی بوجھ کم ہو جائے گا۔

وزیرِ اعلیٰ نے دو نئے اقدامات کا بھی اعلان کیا۔ ان میں بے روزگار نوجوانوں کیلئے مالی مدد کی خاطر ''بھروسہ یوجنا'' اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والی لڑکیوں کی مدد کیلئے ''Bhagini Nivedita Yojana'' شامل ہیں۔

Bhagini Nivedita Yojana کا آغاز اگلے سال جنوری میں ہوگا، جس کے تحت اہل طلباء کو تین سال تک 50 ہزار روپے تک کی مدد فراہم کی جائے گی۔x

India Turkey

بھارت نے اسلامی تعاون تنظیم OIC کے ساتھ تعاون سے متعلق اقوامِ متحدہ کی قرار داد پر صلاح و مشورے سے ترکیہ کے بھارت اور دیگر کئی ملکوں کو باہر کئے جانے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔

بھارت نے اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اس قرار داد کے خلاف ووٹ دیا۔ اس قرارداد کو 112 ووٹوں سے منظور کیا گیا، چھ ممالک نے اس کے خلاف ووٹ دیا، جبکہ 39 ممالک اس موقع پر غیر حاضر رہے۔

اقوامِ متحدہ میں بھارت کی نائب مستقل نمائندہ یوجنا پٹیل نے مذاکرات کے عمل کے غیر شفاف اور غیر شمولیاتی ہونے کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ کئی وفود کو جان بوجھ کر اس میں شامل نہیں ہونے دیا گیا۔

محترمہ پٹیل نے اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی کے صدر سے اس معاملے کی جانچ اور آئندہ ایسا ہونے پر روک لگانے کی اپیل کی۔

بھارت نے OIC کی دستاویزات میں جموں و کشمیر سے متعلق حوالوں پر بھی اعتراض کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس تنظیم کو بھارت کے داخلی معاملات پر تبصرہ کرنے کا کوئی قانونی اختیار حاصل نہیں ہے۔

آرمینیا، قبرص، یونان، اسرائیل اور امریکہ نے بھی اس قرارداد کے خلاف ووٹ دیا۔x

Bangladesh Garment Worker

بنگلہ دیش کے بڑے صنعتی علاقوں میں مزدوروں کی بے چینی کا سلسلہ جاری ہے، ملبوسات سے متعلق کارکن آج ڈھاکہ کے غازی پور، ساوَر، اشولیا علاقوں میں تازہ مظاہرے کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے سڑک رابطے اور کارخانوں کے کام کاج میں رکاوٹ آگئی ہے۔

بنگلہ دیش میڈیا کی خبروں کے مطابق کارکنوں نے Dhaka-Mymensingh اور Dhaka-Aricha شاہراہوں پر بہت سی جگہوں پر راستے روک دیئے، جس کی وجہ سے راجدھانی اور شمالی ضلعوں کے درمیان ٹریفک متاثر ہورہا ہے۔

مظاہرین اپنی ماہانہ کم سے کم اُجرت میں اضافہ کرکے اِسے 30 ہزار ٹکہ کرنے کا مطالبہ کررہے ہیں۔ مبینہ طور پر کارکنوں کا غصہ اُجرت بورڈ کی ایک میٹنگ ملتوی کئے جانے کی وجہ سے شدت اختیار کرگیا ہے، جس کے بارے میں کارکنوں کو امید تھی کہ وہ تازہ کم سے کم اُجرت کا اعلان کرے گا۔

متاثرہ علاقوں میں ایڈیشنل پولیس اور نیم فوجی عملہ تعینات کردیا گیا ہے۔ حکام معمول کا ٹریفک اور صنعتی کام کاج کو بحال کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔x

Chennai Flight Cancel

چنئی سے میانما کے شہر ینگون تک کی دوطرفہ ہفتے وار پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ دونوں طرف کی یہ پروازیں آج خلیج بنگال میں سمندری طوفان Akvan کے سبب منسوخ کی گئی ہیں۔ 144 سے زیادہ مسافر، جو رمنتاپورم اور ترونل ویلی سے پہنچے تھے، اُنہیں اُن کے وطن واپس بھیج دیا گیا، کیونکہ اگلی پرواز اگلے ہفتے روانہ ہوگی۔x

Badminton Hong Kong Open

بھارت کی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی Dhruv Kapila اور رادھیکا شرما آج، ہانگ کانگ سُپر 500 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے اصل مقابلے تک پہنچ گئی ہیں۔ اِس جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

دھرو اور رادھیکا نے ہانگ کانگ کے Ying Kit Cheng اور Yuet Yee Leung کو اکیس-سترہ، اکیس-سترہ سے شکست دینے میں محض 36 منٹ کا وقت لیا۔

ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی مردوں کی جوڑی، اپنے پہلے راؤنڈ کا میچ کھیلے گی۔ یہ میچ تائپی کے Jhe-Huel Lee اور Po-Hsuan Yang کے ساتھ کھیلا جائے گا۔

مردوں کے ڈبلز کے مقابلے میں ہری ہرن Amsakarunan اور M.R. Arjun بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

لکشیہ سین بھی مردوں کے سنگلز کا لگاتار تیسری بار خطاب حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

بھارتی کھلاڑیوں کو اپنے حریفوں کے مقابلے میں سات-صفر سے سبقت حاصل ہے۔×

☆☆☆☆☆